© rasailojaraid.com



# خبر نامہ ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی

☆ صدرِ ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری کی تصنیف 'اسلام کی دعوت' تحریکی لٹریچر کی اہم اور مقبول کتابوں میں سے ہے۔ دعوت اور تربیت دونوں پہلوؤں سے اس سے فائدہ اٹھایا جارہا ہے۔ اس کے آٹھ ایڈیشن مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے شائع ہوچکے ہیں۔ پاکستان سے بھی اس کی اشاعت مسلسل ہورہی ہے۔ تلگو اور کنٹر زبان میں اس کا ترجمہ عرصہ ہوا شائع ہوچکا ہے۔ اب اس کا انگریزی ترجمہ جناب یو۔محمد اقبال (سابق صدر شعبۂ انگریزی، قادر محی الدین کالج، اودیرام پٹنم، تامل ناڈو) نے بہت معیاری اور شستہ زبان میں کیا ہے اور اسلامک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ جامعہ دار السلام عمر آباد تامل ناڈو نے اعلیٰ معیاری طباعت کے ساتھ اس کی اشاعت کا اہتمام کیا ہے۔ صفحات: ۳۸۴، قیمت ۱۲۵ روپے۔

☆ تحریکی نوجوانوں سے مولانا عمری کے ایک خطاب کو مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نے 'اللہ تعالیٰ کا دین نوجوانوں سے کیا چاہتا ہے؟' کے عنوان سے جیبی سائز میں شائع کیا ہے۔ (صفحات: ۳۲، قیمت ۵ روپے) یہ تحریر اصلاً مولانا کی کتاب 'ملک و ملت کے نازک مسائل اور ہماری ذمہ داریاں' میں شامل ہے۔ افادۂ عام کی غرض سے اسے الگ سے شائع کیا گیا ہے۔ مذکورہ کتاب میں اسی طرح کے اور بھی موثر مضامین ہیں۔

☆ جمہوریۂ اسلامیہ ایران نے رمضان المبارک ۱۴۲۶ھ میں قرآنی خطاطی پر ایک پندرہ روزہ بین الاقوامی نمائش کا اہتمام کیا تھا جس میں دنیا بھر سے چودہ صدیوں پر مشتمل مصاحف کے نمونے اکٹھا کیے گئے تھے۔ نمائش کے دوران قرآنی موضوعات پر اہل علم کے خطابات اور مذاکرات کی مجلسیں بھی منعقد ہوتی تھیں۔ منتظمین کی دعوت پر ہندوستان کے نمائندے کی حیثیت سے صدرِ ادارہ نے اس میں شرکت کی اور ایک ہفتہ (۱۶-۲۱ر اکتوبر ۲۰۰۵ء) وہاں گزارا۔

☆ جماعت اسلامی ہند حلقۂ اتر پردیش (مغرب) نے ۳۰ر ستمبر تا ۲ر اکتوبر ۲۰۰۵ء ایک اجتماع عام میرٹھ میں منعقد کیا۔ صدرِ ادارہ مولانا عمری نے اس میں شرکت



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی اور اجتماع کے مرکزی موضوع ''انیبوا الی ربکم واسلموا لہ'' اور ''دعوت اسلامی۔ اہمیت، امکانات اور طریقۂ کار'' کے موضوع پر دو تقریریں کیں۔

☆ مذکورہ اجتماع عام میں سکریٹری ادارہ ڈاکٹر فضل الرحمٰن فریدی نے بھی شرکت فرمائی اور 'گلوبلائزیشن کے مثبت و منفی اثرات' کے موضوع پر اظہار خیال کیا۔ گلوبلائزیشن کے موضوع پر ڈاکٹر صاحب کی بڑی گہری اور ناقدانہ نظر ہے۔ اس موضوع پر ان کا ایک کتابچہ 'گلوبلائزیشن اور اس کے معاشی و ثقافتی اثرات' کے نام سے مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے شائع ہو چکا ہے۔ (قیمت: -/۱۰)

☆ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی رکن ادارہ کا ایک کتابچہ 'اقامت دین اور نفاذ شریعت' کے عنوان سے مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی نے شائع کیا ہے۔ اس میں سورۂ شوریٰ کی آیت ۱۳ کی تفسیر و تشریح کرتے ہوئے بعض اشکالات کا ازالہ کیا گیا ہے۔ (صفحات: ۱۶، قیمت: -/۵ روپے)

## ☆ مقالہ نگار حضرات سے گزارش:

۱۔ 'تحقیقاتِ اسلامی' میں صرف غیر مطبوعہ مقالات شائع کیے جاتے ہیں۔ اس لیے براہ کرم جو مقالہ اس میں اشاعت کے لیے بھیجیں اسے کسی دوسرے رسالے میں ہرگز نہ بھیجیں اور جس مقالہ کو کسی دوسرے رسالے یا رسائل میں اشاعت کے لیے بھیج چکے ہوں اسے تحقیقاتِ اسلامی میں بھیجنے کی زحمت نہ کریں۔

۲۔ اگر تحقیقاتِ اسلامی میں کسی مقالہ کی کسی وجہ سے اشاعت ممکن نہ ہوگی تو اس کی اطلاع مقالہ نگار کو کردی جائے گی۔ سہ ماہی رسالہ ہونے کی وجہ سے عموماً مقالہ نگاروں کو زحمتِ انتظار برداشت کرنی پڑتی ہے۔ اس پر ہم معذرت خواہ ہیں۔

۳۔ فوٹو اسٹیٹ میں بسا اوقات بعض الفاظ یا حروف مٹ جاتے ہیں۔ اس لیے براہ کرم اپنے مقالہ کی فوٹو اسٹیٹ کاپی اپنے پاس محفوظ رکھیں اور اصل کاپی روانہ کریں۔

(ادارہ)



© rasailojaraid.com